# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 10 کتوبر ،2017ء

سیکرٹری الیکشن کمیشن بابر یعقوب فتح محمد نے آج چاروں صوبوں کے چیف سیکرٹریز کو ڈی۔او لیٹرز لکھے ہیں۔ جن میں آئندہ ہونیوالے عام انتخابات 2018ء کے حوالے سے پولنگ اسٹیشنز کے لئے استعمال کی جانے والی عمارات کی حالت بہتر بنانے کے لئے ضروری اقدامات کی نشاندہی کی ہے۔ چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا نے بذات خود چاروں صوبائی وزرائے اعلی کو بھی خطوط لکھے تھے جن میں ان سے استدعا کی گئی تھی کہ وہ عام انتخابات 2018 کے لئے مجوزہ پولنگ اسٹیشنز کی سرکاری عمارات کی حالت کو بہتر بنانے کے لئے ضروری اقدامات کریں تاکہ ان تمام پولنگ اسٹیشنز میں تمام ضروری بنیادی سہولیات ووٹرز کے لئے میسر ہو جائیں اور وہ الیکشن کے دن بخوبی اپنا ووٹ کاسٹ کر سکیں۔ الیکشن کمیشن نے ایک سال کی مسلسل محنت کے بعد 70 ہزار سے زائد پولنگ اسٹیشنز کا تفصیلی سروے کیا اور جن پولنگ اسٹیشنز کی حالت ٹھیک نہیں تھی ان کو بہتر بنانے کے لیے اب کوششیں بروئے کار لائی جارہی ہیں۔

اس سلسلے میں سیکرٹری الیکشن کمیشن نے آج تمام چیف سیکرٹریز سے درخواست کرتے ہوئے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کے اہلکاران کے ساتھ بھرپور تعاون کیا جائے تاکہ پولنگ اسٹیشنز میں استعمال میں لائی جانے والی عمارات کی حالت بہتر کی جاسکے۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن نے رواں ماہ میں چاروں صوبائی چیف سیکرٹریز کو الیکشن کمیشن اسلام آباد سیکرٹریٹ میں میٹنگ کے لے بھی بلایا ہے تاکہ پولنگ اسٹیشنز کے حوالے سے جو مسائل درپیش ہیں اور جن مشکلات کا سامنا ہے ان پر گفت وشنید کی جائے۔ اس کے علاوہ CCTVs کیمرے نصب کرنے کے حوالے سے بھی بات چیت ہوگی۔

************